باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED سندھ کا دوسرا سب سے بڑا اخبار

Daily QAUMI AKHBAR Karachi

روزنامہ قومی اخبار کراچی

بانی الیاس شاکر

سال 36 ہفتہ 15 رجب المرجب 1445ھ 27 جنوری 2024 قیمت 20 روپے شمارہ نمبر 103

### وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کو 41 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب آفس حیدرآباد میں ایک تقریب کا انعقاد

# ہمیں ملک کے سرکاری اداروں میں بدعنوانی، رشوت کا "جڑ" سے خاتمے کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی محتسب

### جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا بھی عبادت ہے، وفاقی محتسب

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) وفاقی سرکاری محکموں سے متعلق عوامی شکایات کے تدارک کیلئے قائم کیے گئے وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کو 41 سال مکمل ہونے پر وفاقی محتسب آفس حیدرآباد میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انچارج وفاقی محتسب حیدرآباد ڈاکٹر رضوان احمد نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ وفاق کے سرکاری اداروں سے متعلق لوگوں کی شکایات کو دور کرنے اور ان کی دادرسی کے مقاصد کے لیے قائم کیا گیا ہے اور وفاقی محتسب آفس حیدرآباد بھی اسی مقاصد پر عمل کرتے ہوئے لوگوں کو فوری اور مفت انصاف فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کو مل کر سرکاری اداروں میں بدعنوانی اور رشوت کا جڑ سے خاتمہ کرنے کے لیے اہم کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ ہم پاکستان کو خوشحال ملک بنا سکیں۔ انہوں نے وفاقی محتسب آفس حیدرآباد کے افسران اور عملے کی کارکردگی کو سراہا اور ان پر زور دیا کہ وہ مزید محنت سے کام کرتے ہوئے محتسب آفس آنے والے شکایت کنندگان کی بھرپور رہنمائی کریں تاکہ انہیں جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا بھی عبادت ہے بعدازاں وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کی 41 ویں سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا اس موقع پر وفاقی محتسب آفس حیدرآباد کے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر ڈاکٹر شیخ امتیاز، ڈاکٹر میر اعجاز حسین تالپور، ڈاکٹر عبدالوحید ابڑو، سینئر پرائیویٹ سیکرٹری سید اصغر، سینئر پرائیویٹ سیکرٹری اظہار احمد خان اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن قاضی ناظم کے علاوہ دیگر افسران و عملہ بھی موجود تھا۔